Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

ان لوگوں کے لیے ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ یعنی بالغ معذوری کی ادائیگی جو عارضہ موت میں مبتلا ہیں

ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کسی ایسے شخص کو مالی مدد فراہم کرے گی اگر وہ کسی عارضہ موت میں مبتلا ہے۔

یہ 16 سال اور سٹیٹ پنشن کی عمر کے درمیان لوگوں کے لیے دستیاب ہے۔ وہ پھر بھی درخواست دے سکتے ہیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ ان کی تشخیص کتنی دیر پہلے ہوئی تھی یا ان کی متوقع عمر کتنی ہے۔

درخواست دینے کا طریقہ

ہمیں جو درکار ہے:

- ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کا ایک مختصر درخواست فارم جو صرف بنیادی معلومات کے متعلق پوچھتا ہے
- عارضہ موت میں مبتلا شخص کی دیکھ بھال یا تشخیص میں شامل رجسٹرڈ ڈاکٹر یا نرس سے عارضہ موت کی تشخیص کی تصدیق

ڈاکٹر یا نرس کو جو فارم پُر کرنا اور ہمیں واپس کردنیا چاہیے وہ بینفٹس اسسمنٹ انڈر سپیشل رولز (BASRiS) فارم ہے۔ BASRiS کا استعمال ڈاکٹروں اور نرسوں کے ذریعے اس بات کی تصدیق کے لیے کیا جاتا ہے کہ کوئی شخص عارضہ موت میں مبتلا ہے، جس سے ہمیں ان کی درخواست پرتیزی سے عمل کرنے کا موقع ملتا ہے۔

عارضہ موت میں مبتلا شخص ان سے فارم کی درخواست کر سکتا ہے، یا ہم ان کی طرف سے درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر وہ پہلے ہی DS1500 یا SR1 فارم مکمل کر چکے ہیں، تو ہم اسے قبول کریں گے۔

جب ہمیں درخواست موصول ہوتی ہے

جب ایک درخواست کامیابی سے مکمل ہو جاتی ہے تو:

- انہیں روزمرہ زندگی اور نقل و حرکت کے لیے خود بخود اعلیٰ ترین شرح کی ادائیگی مل جائے گی ۔
- ادائیگی بغیر کسی جائزے کے جاری رہے گی ۔
- ادائیگی کا حساب اس تاریخ سے لگایا جائے گا جب ہمیں ان کی درخواست موصول ہوتی ہے یا BASRiS فارم میں مذکور تاریخ جب ان کی تشخیص ہوئی ہے، جو بھی جلد تر ہو۔

ادائیگیاں ہفتہ وار پیشگی طور پر کی جاتی ہیں۔

اس میں کتنا وقت لگے گا؟

ہمارے خصوصی تربیت یافتہ عملے کے ذریعہ درخواست پر تیزی سے کام کیا جائے گا اور اسے نمٹا دیا جائے گا۔ ہم اپنے فیصلے کے ساتھ ایک خط بھیجیں گے۔

تشخیص پر دوسری رائے حاصل کرنا

اگر کوئی طبی رائے سے متفق نہ ہو تو دوسری رائے حاصل کر سکتا ہے۔ وہ gov.scot پر جا کر اور مریضوں کے حقوق (پیشنٹ رائٹس) تلاش کر کے مریضوں کے حقوق اور ذمہ داریوں کے چارٹر (چارٹر آف پیشنٹ رائٹس اینڈ ریسپانس ایبلٹیز)کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

کیا کوئی کسی متعلقہ بینفٹس یعنی مالی وظائف کے لیے درخواست دے سکتا ہے؟

وہ متعلقہ بینفٹس، خدمات اور پریمیم کے لیے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں **mygov.scot/benefits**

وہ مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتے اور درخواست دے سکتے ہیں؟

لوگ **mygov.scot/benefits** مزید معلومات پر حاصل کر سکتے ہیں اور آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ لوگ ذاتی طور پر، فون پر بھی درخواست دے سکتے ہیں یا ہمیں **0800 182 2222** پر مفت کال کرکے ڈاک کے ذریعے کاغذی درخواست فارم طلب کرسکتے ہیں۔

کیا کسی کو وکیل کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے؟

سوشل سکیورٹی سکاٹ لینڈ کے بینفٹس یعنی مالی وظائف کے لیے درخواست دیتے وقت VoiceAbility انڈیپنڈنٹ ایڈووکیسی سروسز معذور افراد کی مدد کرتی ہے۔ VoiceAbility سے **0300 303 1660** پر مفت کال کر کے یا **www.voiceability.org** پر جا کر رابطہ کریں۔

COST OF LIVING SUPPORT

بہت سے لوگ رہن سہن کے اخراجات کے بارے میں فکر مند ہوتے ہیں۔ آپ تنہا نہیں ہیں. یہ جاننے کے لیے کہ آپ کس مدد کے حقدار ہو سکتے ہیں، برائے مہربانی ملاحظہ کریں۔ **gov.scot/costoflivingsupport.** یا اپنے لوکل سٹیزن ایڈوائس بیورو پر جائیں ۔

لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟

ہمیں مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: 0300 244 4000 +18001(سماعت میں مشکل رکھنے والوں کے لیے)

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

Webchat: chat.socialsecurity.gov.scot

سوشل سکیورٹی سکاٹ لینڈ کی پیروی کریں